# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Friday, the 15th May, 2026 at 11:00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **MS. NATASHA DAULTANA** **SYEDA SHEHLA RAZA** **NAWABZADA IFTIKHAR AHMED KHAN BABAR** to invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control to a matter of urgent public importance regarding the inordinate delay in handing over possession of plots in Sector I-12 by the Capital Development Authority (CDA), causing grave concern amongst the public.

**ORDINANCE TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY**

**4.** **KHAWAJA MUHAMMAD ASIF,** Minister for Defence, to lay before the National Assembly the Pakistan International Airlines Corporation (Conversion) (Repeal) Ordinance, 2026 (No. III of 2026), as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan. (The Ordinance has already been laid in Senate on 12-05-2026).

**INTRODUCTION OF BILL**

**5.** **JAM KAMAL KHAN,** Minister for Commerce, to introduce a Bill to regulate the business of the insurance, to ensure the protection of the interests of insurance policy holders and to promote sound development of the insurance industry and for matters connected therewith and incidental thereto; [The Insurance Bill, 2026].

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**6.** **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Financial Institutions (Recovery of Finances) Ordinance, 2001 (XLVI of 2001) [The Financial Institutions (Recovery of Finances) (Amendment) Bill, 2026].

**PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY**

**7.** **MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat, to lay before the National Assembly the Annual Report of the National Economic Council (NEC) for Financial Year 2023-24, as required under clause (5) of Article 156 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

**MOTION OF THANKS**

**8.** **Discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, on 30th March, 2026:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both the Houses assembled together on 2nd March, 2026."

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**9.** **MR. ASAD QAISER** **MR. SHAHRAM KHAN** to invite attention of the Minister for Energy (Power Division) to a matter of urgent public importance regarding the complete power outage from Burhan to Swabi due to the damaged electricity transmission line, along with non-commencement of 220 KVA National Transmission & Dispatch Company (NTDC) project there, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**14th May, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

**برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعہ، ۱۵ مئی، ۲۰۲۶ء صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔**

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **محترمہ نتاشا دولتانہ** **سیدہ شہلا رضا** **نوابزادہ افتخار احمد خان بابر**

وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو وفاقی ترقیاتی ادارے (سی ڈی اے) کی جانب سے سیکٹر آئی۔۱۲ میں پلاٹوں کا قبضہ دینے میں غیر معمولی تاخیر سے متعلق ہے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھا جانے والا آرڈیننس

۴۔ **خواجہ محمد آصف**، وزیر برائے دفاع اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کی مقتضیات کے مطابق پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کارپوریشن (تبدیلی) (تنسیخی) آرڈیننس، ۲۰۲۶ء (نمبر ۳ بابت ۲۰۲۶ء) قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔ (آرڈیننس ۱۲ مئی، ۲۰۲۶ء کو پہلے ہی سینیٹ میں پیش ہو چکا ہے)۔

## بل کا پیش کرنا

۵۔ **جام کمال خان**، وزیر برائے تجارت، انشورنس کے کاروبار کو منضبط بنانے، انشورنس پالیسی ہولڈرز کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانے اور انشورنس انڈسٹری کی پائیدار ترقی کو فروغ دینے اور اس سے متعلق یا اس کے ذیلی معاملات کی بابت بل [انشورنس بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۶۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل، مالیاتی ادارے (مالیات کی وصولی) آرڈیننس، ۲۰۰۱ء (نمبر ۴۶ بابت ۲۰۰۱ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مالیاتی ادارے (مالیات کی وصولی) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۷۔ **وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ** اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۱۵۶ کی شق (۵) کی مقتضیات کے مطابق قومی اقتصادی کونسل (این ای سی) کی سالانہ رپورٹ برائے مالی سال ۲۴۔۲۰۲۳ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## تحریک تشکر

۸۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۳۰ مارچ، ۲۰۲۶ء کو پیش کردہ درج ذیل تحریک پر بحث:۔

''یہ ایوان ۲ مارچ، ۲۰۲۶ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔''

## توجہ دلاؤ نوٹس

۹۔ **جناب اسد قیصر** **جناب شہرام خان** وزیر برائے توانائی (بجلی ڈویژن) کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو بجلی کی خراب ترسیلی لائن کی وجہ سے برہان سے صوابی تک بجلی کی مکمل بندش اور وہاں ۲۲۰ کے وی اے نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) منصوبہ شروع نہ کئے جانے سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۴ مئی، ۲۰۲۶ء**

**سعید احمد میتلا**
**قائم مقام سیکرٹری**